SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر VI مجریہ 2001
SINDH ORDINANCE NO.VI OF 2001
سندھ جنگلی حیات تحفظ (ترمیم) آرڈیننس، 2001
THE SINDH WILDLIFE PROTECTION (AMENDMENT) ORDINANCE, 2001
فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
2. 1972 کی سندھ آرڈیننس V کی دفعہ 14 کی ترمیم
Amendment of section 14 of Sindh Ordinance V of 1972
3. 1972 کی سندھ آرڈیننس V کی دفعہ 15 کی ترمیم
Amendment of section 15 of Sindh Ordinance V of 1972
4. 1972 کی سندھ آرڈیننس V کی دفعہ 17 کی ترمیم
Amendment of section 17 of Sindh Ordinance V of 1972
5. 1972 کی سندھ آرڈیننس V کی دفعہ 33 کی ترمیم
Amendment of section 33 of Sindh Ordinance V of 1972

سندھ آرڈیننس نمبر VI مجریہ 2001
SINDH ORDINANCE NO.VI OF 2001
سندھ جنگلی حیات تحفظ (ترمیم)
آرڈیننس، 2001

THE SINDH WILDLIFE PROTECTION (AMENDMENT) ORDINANCE, 2001

[20 جنوری 2001]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ جنگلی حیات تحفظ آرڈیننس، ۱۹۷۲ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ جنگلی حیات تحفظ آرڈیننس، ۱۹۷۲ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی 14 اکتوبر 1999 والے کے اعلان تحت اور پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر نمبر.1 کے مطابق معطل ہے؛

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

اور جیسا کہ سندھ کے گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری اقدام لینامقصود ہے؛

لہذا اب مندرجہ بالا اعلان اور پرووِیزنل کانسٹیٹویشن آرڈر کے ساتھ پڑھیں 1999 کا پرووِیزنل کانسٹیٹویشن (ترمیم) آرڈر نمبر.9 اور اس سلسلے میں ملے ہوئے تمام اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے سندھ کا گورنر مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ فرماتا ہے:

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ جنگلی حیات تحفظ (ترمیم) آرڈیننس، 2001 کہا جائے گا۔

(2) یہ فوری طور لاگو ہوگا۔

1972 کی سندھ آرڈیننس V کی دفعہ 14 کی ترمیم
Amendment of section 14 of Sindh Ordinance V of 1972

2. سندھ جنگلی حیات تحفظ آرڈیننس 1972 میں، جس کو اس کے بعد بھی مندرجہ ذیل آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ 14 کی ذیلی دفعہ (3) کی شرطیہ بیان میں، آخر میں آنیوالے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل نئی شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:

1972 کی سندھ آرڈیننس V کی دفعہ 15 کی ترمیم
Amendment of section 15 of Sindh Ordinance V of 1972

" بشرطیکہ مزید کہ حکومت ایک زمین کی سطح کے

نیچے پائیپ لائین بچھانےکے لئے بااختیار کر سکتی ہے۔ اگر دھماکے کےسواء تعمیراتی طریقہ استعمال کئے جائیں گی، جومستقل بنیاد پر جنگلی حیات یا ماحول کو متاثر نہیں کریں، ایسے شرائط اور ضوابط کے مطابق جس میں ترقی، تحفظ اور جنگلی حیات کے علائقے کو محفوظ بنانا، آ جاتا ہے، جیسا بیان کیا گیا ہو۔‘‘

1972 کی سندھ آرڈیننس V کی دفعہ 17 کی ترمیم
Amendment of section 17 of Sindh Ordinance V of 1972

3.مندرجہ ذیل آرڈیننس کی دفعہ 15 کی ذیلی دفعہ (4) کی شرطیہ بیان میں، آخر میں آنیوالے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا، مندرجہ ذیل نئی شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:

1972 کی سندھ آرڈیننس V کی دفعہ 33 کی ترمیم
Amendment of section 33 of Sindh Ordinance V of 1972

’’ بشرطیکہ مزید کہ حکومت ایک زمین کی سطح کے نیچے پائیپ لائین بچھانےکے لئے بااختیار کر سکتی ہے۔ اگر دھماکے کےسواء تعمیراتی طریقہ استعمال کئے جائیں، جومستقل بنیاد پر جنگلی حیات یا ماحول کو متاثر نہیں کرتے، ایسے شرائط اور ضوابط کے مطابق جس میں ترقی، تحفظ اور جنگلی حیات کے علائقے کو محفوظ بنانا، آ جاتا ہے، جیسا بیان کیا گیا ہو۔‘‘

4. مندرجہ ذیل آرڈیننس کی دفعہ 17 میں، الفاظ ’’ایک ہزار ‘‘ اور ’’پانچ سو ‘‘ کے لئے الفاظ ’’دس ہزار‘‘ اور ’’پانچ ہزار‘‘ کے متبادل بنایا جائے گا۔

5. مندرجہ ذیل آرڈیننس کی دفعہ 33 میں، ’’ایک ہزار‘‘ اور ’’پانچ سو‘‘ کے لئے الفاظ ’’پانچ ہزار‘‘ کو متبادل بنایا جائے گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔